



## سبق-16


# کون بولا میاؤں

ٹامی چھوٹا سا ایک بلاّ تھا۔ وہ پلنگ کے نیچے سو رہا تھا تبھی آواز آئی ''میاؤں میاؤں'' ٹامی اٹھ بیٹھا۔ اِدھر اُدھر دیکھا کوئی دکھائی نہیں دیا۔



آواز کہاں سے آئی؟

اُسی وقت کمرے کے ایک کونے میں چوہا دکھائی دیا۔



ٹامی نے پوچھا ''تم نے بولا میاؤں؟''

چوہا بولا ''نہیں! میں تو چیں چیں بولتا ہوں''

ٹامی گھر سے باہر آیا۔ باہر ایک مرغا گھوم رہا تھا۔



ٹامی نے پوچھا ''کیا تم نے بولا میاؤں؟''

مرغے نے کہا ''نہیں میں تو کُکڑوں کُوں بولتا ہوں'' ٹامی پھول کے پاس گیا۔ پھول پر شہد کی ایک مکھی بیٹھی تھی۔ ٹامی نے اُس سے پوچھا ''تم نے بولا میاؤں''؟



مکھی بولی ''نہیں! میں تو بھِن بھِن کرتی ہوں''

پھر آواز آئی ''میاؤں'' ٹامی نے ڈال پر بیٹھے طوطے سے پوچھا ''کیا تم نے بولا میاؤں؟''

''نہیں میں تو ٹیں ٹیں بولتا ہوں''


ٹامی نے کنویں کے پاس بیٹھے مینڈک سے پوچھا ''کیا تم نے بولا میاؤں''؟



مینڈک نے کہا ''میں تو ٹرٹر بولتا ہوں''

اب آپ بتایئے، کون بولا میاؤں؟

# بولیوں کی مشق



چڑیا بولے چُوں چُوں
مرغا بولے کُکڑوں کُوں
کہے کبوتر غٹر غوں
کُتّا بولے بھُوں بھُوں بھُوں
بلّی بولے میاؤں میاؤں
کوّا بولے کائیں کائیں
طوطا بولے ٹیں ٹیں
بکری بولے میں میں میں
گائے بولے ما آں ماآں
شیر دھاڑے ہاؤں ہاؤں

